© rasailojaraid.com



# تعارف وتبصرہ

## قبر پرستی - ایک حقیقت پسندانہ جائزہ

مؤلف : حافظ مولانا صلاح الدین یوسف

ناشر : دار الدعوۃ السلفیہ شیش محل روڈ۔ لاہور ۲

صفحات : ۲۱۰ - قیمت :

اس کتاب کے مولف حافظ صلاح الدین یوسف اسلامی موضوعات پر بہت اچھا لکھنے والوں میں سے ہیں، فقہ وتفسیر خصوصاً حدیث میں ان کی نظر بہت گہری اور مطالعہ نہایت وسیع ہے۔ ان کی ایک درجن سے زیادہ علمی ودینی تصانیف شائع ہو چکی ہیں اور بعض تالیفات کے کئی کئی ایڈیشن چھپ کر مقبول ہو چکے ہیں اور ایک عالم دین اور ہفت روزہ الاعتصام (لاہور) کے ایڈیٹر کی حیثیت سے اپنی عالمانہ ورہنمایانہ ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لیے مختلف مسائل ومباحث کے سلسلے میں پچاسوں نہایت بلند پایہ تحقیقی مقالات لکھ کر شائع کر وا چکے ہیں۔

محترم حافظ صاحب کی تازہ تالیف "قبر پرستی" کے عنوان سے شائع ہوئی۔ اس میں قبر پرستی کی تاریخ اور اس کے اسباب نشوونما پر روشنی ڈالی ہے اور قرآن وسنت کی روشنی میں اس مسئلے پر نہایت فکر انگیز اور ایمان افروز بحث کی ہے اور اس ضمن میں بہت سے دیگر مسائل اور ان کے جلی وخفی پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے۔ اس میں توحید، شرک، وسیلہ، استمداد، دعا، نداء لغیر اللہ وغیرہ مسائل پر ایسی مشرح ومفصل بحث کی ہے اور انھیں مباحث کے سلسلے میں اہل بدعت کے افکار ودعاوی پر نہایت جامع اور فیصلہ کن بحث کی ہے اور لفظوں اور جملوں کے پیچ وخم میں چھپے مشرکانہ ومبتدعانہ افکار کی ایسی گرفت کی ہے نیز اسلام کی اخص الخصائص تعلیم و دعوت توحید کو ایسا واضح اور روشن کر دیا کہ اتنی مختصر اور جامع کتاب کی مثال مشکل ہی سے پیش کی جائے گی۔

کتاب پیپر بیک میں عمدہ کتابت اور صحت کے اہتمام کے شائع ہوئی ہے۔ کاغذ سفید اور طباعت معیاری ہے۔ قیمت درج نہیں۔

© rasailojaraid.com